
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سمیع مصطفیٰ

دوسری جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

حرف ''ڈ'' کی یہ کہانی ایک ڈرپوک ڈاکو کو مرکزی کردار بنا کر لکھی ہے۔ مختلف حروف پر زور دیکر اگر کوئی کہانی لکھی جاتی ہے تو بچے اس کو پڑھنے میں بہت لطف محسوس کرتے ہیں۔ اکثر ان کو کہانی یاد بھی ہوجاتی ہے۔ اس کے علاوہ ڈم ڈم ڈولا میں ڈاکیئے کا ذکر بھی ہے۔ ڈاکیئے اور ڈاک کے حوالے سے بھی کام کرنے میں بچے بہت لطف اندوز ہوں گے۔
یہ کتاب دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔

## سیشن 1

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ میں سے کسی نے یہ کتاب پہلے پڑھی ہے۔ اگر ایک دو بچے کہیں کہ انہوں نے پڑھی ہے تو ان سے پوچھیں کہ کیسی لگی۔ کس بات پر زیادہ مزا آیا۔ اگر کسی بچے نے بھی نہیں پڑھی ہے تو ٹیچر کہیں کہ میں آپ کو پڑھ کر سناتی ہوں۔
- پھر ٹیچر آہستہ آہستہ تھوڑا سا ڈرامائی انداز میں پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ آیئے ہم اس کتاب کی کہانی پر بات چیت کرتے ہیں۔ پھر ٹیچر باری باری بچوں سے پوچھیں۔

(۱) ڈاکو کا نام کیا تھا؟
(۲) وہ ڈاک خانے کیوں جارہا تھا؟
(۳) وہ اچھا انسان تھا یا برا؟
(۴) اسے کون نظر آیا؟
(۵) وہ کہاں چھپ گیا؟
(۶) ڈاکو کے پیچھے کون بھاگا؟
(۷) اس کے ہاتھ میں کیا تھا؟
(۸) ڈم ڈم ڈولا کہاں چھپ گیا؟
(۹) ڈاکیئے نے کندھے پر کیا رکھا؟

| | |
|---|---|
| | (۱۰) ڈاکیہ کس طرف کو چل دیا؟ |
| نوٹ | • اس کو comprehensive exercise کہتے ہیں۔ اس سے بچے مختلف موضوعات کو آپس میں relate کرسکتے ہیں۔ |
| 10 منٹ | • پھر بچوں سے پوچھیں کہ ڈاکو ڈاکا کیوں ڈالتے ہیں۔ چھوٹے بچے اپنی اپنی سوچ کے مطابق اس سوال کا جواب دیں گے۔ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچوں کی رائے سنیں اور اس پر ہلکا پھلکا تبصرہ بھی کریں۔ کسی ایک بچے کی رائے کے متعلق دوسرے بچے کی رائے بھی پوچھیں۔<br>• بچوں سے پوچھیں کہ ڈاکیئے ہماری زندگی میں کتنے مفید ہوتے ہیں۔ (آج کل تو e-mail اور telephone کی سہولتیں بھی عام ہوگئی ہیں لیکن اس سے پہلے دور دراز شہروں اور ملکوں سے ڈاکیئے ہی ہمارے لئے خط لایا کرتے تھے۔)<br>• انہیں بتائیں کہ بہت سی دیگر سہولیات ہونے کے باوجود ڈاک خانہ اور ڈاکیہ اب بھی ہر ملک میں ہوتے ہیں۔ |
| 20 منٹ | • اب ٹیچر کتاب کے مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے باری باری پڑھنے کو کہیں۔ جہاں بچوں کی مدد کرنا ہو مدد بھی کریں۔ تاکہ ان کو اگلے دن پڑھائی کرنے میں آسانی ہو۔ کہیں کہیں لفظ کی ہجے کرکے بھی ان کو لفظ پڑھنا سکھائیں۔ |
| | **سیشن 2** |
| 15 منٹ | • آج 10-12 بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری کتاب کی پڑھائی کریں۔ کلاس کے کچھ بچوں کو شاید پڑھنے میں دقت ہوگی تو ان سے کہیں کہ ہجے کرکے لفظ کو پڑھیں۔ اس کے باوجود بھی اگر ان کو دقت ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں اور شاباشی دے کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • آج بچوں سے کہیں کہ ہم سب ڈاکو پر ایک چھوٹی سی کہانی لکھیں گے۔ بچوں سے پہلے پانچ منٹ کہانی کے متعلق مختلف ideas پر بات کریں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ چھوٹے چھوٹے جملے لکھنا شروع کریں۔ جب بچے لکھ رہے ہوں تو ٹیچر ان کی میز پر جا کر ان کی مدد کریں۔ تاکہ اگر ان کو topic مشکل لگ رہا ہے تو ٹیچر کی مدد سے کام کرسکیں۔<br>• جب بچے کام کرلیں تو ان سے کہیں کہ وہ کاپی کے نیچے اپنا نام' ٹیچر کا نام اور تاریخ ضرور لکھیں۔ اگر کچھ بچوں نے پہلے کام ختم کرلیا ہو تو ان سے کہیں کہ وہ رنگین پینسل سے (یا عام کالی پینسل سے) ڈرپوک ڈاکو کی تصویر بنائیں اور ساتھ میں بہادر ڈاکیئے کی بھی تصویر بنائیں۔<br>• پھر ٹیچر ان کی کاپیاں اکٹھا کرکے گھر لے جائیں۔ اس کی تصیح کریں اور اگلے دن بچوں سے ان کے کام کو discuss کریں۔ |
| گھر کا کام | • بچوں سے کہیں کہ وہ کل املا کی تیاری کر کے آئیں۔ |

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج ٹیچر بچوں کا کیا ہوا کام پڑھ کر ان کو سنائیں اور ان کے کام کی تعریف کریں۔ مضمون میں جو مشکل الفاظ آئے ہوں اور جن کو اکثر بچوں نے غلط لکھا ہو وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان کو اپنی کاپیوں پر اتاریں۔ جب وہ اپنی اپنی کاپیوں پر اتار لیں تو ٹیچر مختلف بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو زور سے پڑھیں۔ |
| 5 منٹ | • اس کے بعد کم از کم چھ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں اور پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔ جہاں ان کو دقت ہو بچوں سے کہیں کہ وہ ہجے کرکے پڑھیں۔ |

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • بچوں کو املا دیں۔ کوشش کریں کہ زیادہ آسان الفاظ ہوں۔ تقریبا 10 الفاظ آسان ہوں۔ (مثلاً ڈم ڈم، ایک، ڈاکو، نام، دور، ڈاک، گیا، ڈر، مارے) اور 10 الفاظ تھوڑے مشکل (مثلاً ڈرپوک، ڈالنے، ڈاکیا، چھپ، تھیلا)۔<br>• پھر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپیاں اپنے ساتھی کو دیں۔ پھر سارے 10 الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ان کو دیکھتے ہوئے وہ کاپیوں پر correction کریں۔ |
| نوٹ | • ٹیچر اگلے دن کے لئے کلاس میں کسی ڈاکیئے کو بلانے کا بندوبست کرلیں۔ کوشش کریں کہ جو ڈاکیہ اسکول کی ڈاک لاتا ہے اس کو ہی بلالیں۔ |
| گھر کا کام | • بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر کا پتہ صاف اور خوشخط گھر سے لکھ کر لائیں۔ |

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 45 منٹ | • آج ٹیچر پہلے سے انتظام کرکے ایک ڈاکیئے کو کلاس میں لائیں۔ ڈاکیہ آج بچوں کو اپنا نام، عمر، کہاں رہتے ہیں، کب سے پوسٹ آفس میں کام کررہے ہیں وغیرہ بتائیں۔<br>• پھر ڈاکیہ ان کو بتائیں کہ پوسٹ آفس کیسے کام کرتا ہے۔<br>• جب ہمارے رشتہ دار لاہور یا پشاور سے خط لکھتے ہیں تو وہ خط پہلے ڈاکخانے یا ڈاک بکس میں ڈالتے ہیں۔<br>• وہاں ان کی چھٹائی یعنی sorting ہوتی ہے۔<br>• ہر شہر اور ہر محلے کے خط الگ الگ بوریوں میں رکھے جاتے ہیں۔<br>• پھر وہ ریل یا ہوائی جہاز کے ذریعہ ان شہروں یا town کے پوسٹ آفس میں پہنچائے جاتے ہیں۔<br>• پھر وہاں مختلف ڈاکیوں کو مختلف شہر یا گاؤں کے علاقہ کیلئے خط دیئے جاتے ہیں۔ |

- جہاں سے وہ خطوط گھروں میں لاکر دیتے ہیں۔
- پھر ڈاکیہ صاحب بچوں سے کہیں کہ اگر ان کے کوئی سوال ہیں تو وہ ان کا جواب دیں گے۔ اس طرح بچوں کی ڈاکیہ کے ساتھ بات چیت ہوگی اور بچوں کی knowledge میں اضافہ ہوگا۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک لفافہ اور ٹکٹ کے پیسے یا ٹکٹ کل کلاس میں لائیں۔

## سیشن 5

45 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کو خط لکھنے کا format بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں اور خط کا text بچوں سے پہلے discuss کریں۔یعنی خط کے سیدھے ہاتھ پر بچے (صحیح یا غلط) اپنا پتہ لکھیں۔ اس کے نیچے تاریخ لکھیں۔
- اس کے بعد خط لکھنا سکھائیں۔
- نیچے فقط آپ کا لکھ کر بچے اپنا نام لکھیں۔
- جب بچے خط لکھ چکیں تو ان کے لائے ہوئے لفافہ پر پتہ لکھوائیں اور کسی قریب کے ڈاکخانے لے جاکر بچوں سے خط پوسٹ کروائیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کلاس میں ہی بچوں سے لفافے جمع کرلیں اور انہیں بتائیں کہ ہم یہ خط ڈاکخانے کے ذریعے پوسٹ کروائیں گے۔

## سیشن 6

20 منٹ

- آج بچوں سے پوچھیں کہ کتاب کے inside cover پر یہ لکھا ہوا ہے کہ اس کتاب کی اشاعت میں shell نے تعاون کیا ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے۔ کچھ بچے شاید اس کا جواب دے سکیں۔ ان کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہیں کہ اکثر بڑی کمپنیاں کسی اچھے مقصد کے لئے مالی امداد کرتی ہیں۔ shell تعلیم کو آگے بڑھانے کیلئے تعلیم کے مختلف

projects میں مدد کرتا ہے۔ اسی لئے اس نے اس کتاب کے چھاپنے کا خرچہ بھی برداشت کیا ہے۔

- پھر ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ shell کی جو logo یا sign ہے وہ کہاں دیکھا ہے۔ اکثر بچے کہیں گے کہ انہوں نے petrol station پر یہ sign دیکھا ہے اب پوچھیں کہ یہاں کیا ہوتا ہے۔ پھر بچے بتائیں گے کہ یہاں سے ہم اپنی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں میں پیٹرول بھرواتے ہیں۔ پھر ان کو بتائیں کہ crude oil یعنی گندا تیل باہر ملکوں سے آتا ہے۔ اس کو پھر refinery میں صاف کیا جاتا ہے۔ پھر صاف کئے ہوئے پیٹرول کو بڑے بڑے tanker کے ذریعہ ان petrol station میں لایا جاتا ہے اور زمین کے نیچے بڑے بڑے tanks بنے ہوتے ہیں جن میں یہ صاف پیٹرول جمع کیا جاتا ہے اور پھر pumping machine کے ذریعہ گاڑیوں میں پیٹرول بھرا جاتا ہے۔
- بچوں کے اگر کوئی سوال ہوں تو ان کا جواب دیں۔ اگر جواب معلوم نہ ہوں تو بچوں سے کہیں کہ وہ اس کا جواب کل معلوم کرکے آئیں گے۔

- اب ٹیچر کہیں کہ ہم آرٹ کا کام کریں گے۔ بچے سفید کاغذ پر shell کا gas station بنائیں گے۔ اس کے ساتھ گاڑیاں، بڑے بڑے tanker، پیٹرول اسٹیشن کے attendents وغیرہ بھی دکھائیں۔ 25 منٹ
- جب کام ختم ہوجائے تو اپنی اپنی تصویر پر بچے اپنا نام اور تاریخ لکھیں گے۔ اگر وقت ہو تو ٹیچر ان کے کام کو یا تو soft board پر لگائیں یا رسی باندھ کر paper clips کے ذریعہ کلاس میں display کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ پچھلے سیشن میں بچوں نے جو بہادر ڈاکیئے کی تصویر بنائیں تھیں ان تصاویر کو display کروائیں۔

# ڈم ڈم ڈولا
## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk
@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories